بسم اللہ الرحمن الرحیم

Darul Iftaa
Madrasah Ariful Uloom
ST 11 METROVILLE 3 BLOCK 1 SCEME 33 GULZAR HIJRI KARACHI
For online Islamic fatwas, visit our website.
www.arifululoom.org

MADARSA ARIF UL ULOOM

دار الافتاء
مدرسہ عارف العلوم رجسٹرڈ کراچی پاکستان
ایس ٹی 11 میٹرو ول 3 بلاک 1، اسکیم 33 گلزار ہجری کراچی
0322-6444659 0333-6444659

عنوان: قبضہ تام کے بعد جائیداد موھوب لہ کی ملکیت ہو جاتی ہے		
کتاب: ھبہ	باب: صحیح اور غیر صحیح ہبہ	فصل:
فتوی نمبر: 570	12 جمادی الاولیٰ 1448ھ / 24 اکتوبر 2026ء	

سؤال: السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔ میرے سگے چچا نے مجھے اپنی اولاد کی طرح گود لیا اور اپنی زندگی میں اپنی تمام جائیداد میرے نام ہبہ کر دی، جس کا انتقال بھی میرے نام ہوا اور قبضہ بھی مجھے دے دیا گیا۔ میرے چچا کے چھ سگے بھائی تھے، جنہوں نے تحریری طور پر اپنے شرعی حقوق سے دستبرداری بھی دی تھی۔ میرے چچا کے بھتیجوں نے بھی جائیداد میرے نام منتقل ہوتے، قبضہ ملتے اور میرے استعمال میں رہتے ہوئے دیکھا، لیکن ان کی زندگی میں کوئی اعتراض نہیں کیا۔ اب میرے چچا کی وفات کے بعد وہ مجھ سے جائیداد میں حصہ طلب کر رہے ہیں۔ شریعتِ حنفی کے مطابق کیا مکمل ہبہ، انتقال اور قبضے کے بعد میرے چچا کی وفات پر ان کے بھتیجے اس جائیداد میں حصہ مانگ سکتے ہیں؟ براہِ کرم قرآن وحدیث اور معتبر حنفی فقہی کتابوں کے حوالوں کے ساتھ رہنمائی فرمائیں۔ جزاکم اللہ خیراً۔

وضاحت: جائیداد میں ان کی کچھ زرعی زمینیں تھیں، اور اسی طرح ایک مکان جس کا اسٹرکچر بنا ہوا تھا اس مکان کو ابتدا سے ہی رہائش اختیار کرنے سے بھی پہلے سائل کے چچا نے سائل کے نام کر دیا تھا پھر سائل نے اس کی تعمیر مکمل کروائی اس کے بعد سائل اور اس کے چچا اس مکان میں رہتے رہے۔

الجواب حامداً ومصلیاً ومسلماً

صورت مسؤلہ میں سائل کا بیان اگر واقعہ کے مطابق ہے کہ ان کے چچا نے اپنی تمام جائیداد (بشمول مکان اور زرعی زمینیں) سائل کو اپنی زندگی میں مالکانہ حقوق اور قبضہ کے ساتھ ہدیہ کر دیا تھا تو مذکورہ تمام جائیداد سائل کی ملکیت ہے، اور اس میں کسی دوسرے بھتیجے کا شرعاً کوئی حق نہیں ہے۔

فتاوی شامی میں ہے:

(وَتَتِمُّ) الْهِبَةُ (بِالْقَبْضِ) الْكَامِلِ (وَلَوْ الْمَوْهُوبُ شَاغِلًا لِمِلْكِ الْوَاهِبِ لَا مَشْغُولًا بِهِ) وَالْأَصْلُ أَنَّ الْمَوْهُوبَ إنْ مَشْغُولًا بِمِلْكِ الْوَاهِبِ مُنِعَ تَمَامَهَا،

(کتاب الھبۃ 5/690 ط سعید)

واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم بالصواب

دار الافتاء

مدرسہ عارف العلوم (رجسٹرڈ) کراچی پاکستان

دار الافتاء
مدرسہ عارف العلوم (رجسٹرڈ)
ایس بی ۱۱، میٹروول ۳، اسکیم ۳۳
گلشن اقبال، کراچی